04-07-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ انہوں نے وزیراعظم نریندرمودی سے گذارش کی ہے کہ سنگارینی کانکنی کوسنگارینی کالریز کوالاٹ کیا جائے۔وزیراعلیٰ نے آئی ٹی آئی آر اور آئی آئی ایم حیدرآباد کیمپس کا بھی معاملہ اٹھایا۔

☆نیتی آیوگ نے آج سے تین مہینہ کیلئے سمپورنتا ابھیان شروع کیا ہے۔تیس ستمبر تک چلنے والی اس مہم کے دوران 112 منتخب اضلاع اور پانچ سو منتخب بلاکس میں ترقیاتی سرگرمیوں کوفروغ دینے پرتوجہ مرکوز کی جائے گی۔

☆نیٹ، یوجی اورنیٹ امتحان کے پرچہ سوالات کے افشاء کے خلاف مختلف طلبہ تنظیموں کی جانب سے ریاست بھرمیں تعلیمی اداروں کو بند رکھنے کے فیصلہ کا ملاجلا ردعمل دیکھنے کوملا۔

☆میڈی گڈہ بیاریج کے چیف انجینئر سدھاکرریڈی نے آج کہا کہ دریائے گوداوری پرواقع میڈی گڈہ بیاریج محفوظ ہےاوراس میں کوئی نئے مسائل نہیں آئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سرکاری ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج نئی دہلی میں وزیراعظم نریندرمودی سے ملاقات کی اور ریاست سے متعلق مختلف امور پرتبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرما آرکا ملوبھی ریونت ریڈی کے ہمراہ تھے۔وزیراعظم نریندرمودی اور وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کے بیچ مرکزی حکومت کی تشکیل کے بعد یہ پہلی ملاقات ہوئی۔اس سے قبل ریونت ریڈی نے مرکزی وزیرداخلہ امیت شاہ سے ملاقات کرتے ہوئے کئی امور پر بات کی۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ پولیس کا کہنا ہے کہ پب اور بار مالکین اگرمنشیات اورچرس کے استعمال کیلئے صارفین کی حوصلہ افزائی کریں گےتوانہیں سخت سزادی جائے گی۔ڈی جی پی روی گپتانے ٹوئیٹ کرتے ہوئے کہا کہ اگرپب اور بار مالکین ڈرگس اور چرس کوفروخت دیں گےتوانہیں سخت سزائیں دی جائیں گی۔انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس منشیات کوروکنے کے عہد کی پابند ہے۔اگرلوگوں کواس تعلق سے کوئی بھی جانکاری ہوتو وہ100 نمبر یا 8712671111 پر رابطہ کرتے ہوئے پولیس کواطلاع دے سکتے ہیں۔ ڈی جی پی نے مزید کہا کہ محکمہ پولیس منشیات کی لعنت کوختم کرنے کیلئے سنجیدہ ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی بی جے پی کی ایگزیکیٹوکمیٹی میٹنگ اس مہینہ کی 12 تاریخ کونامپلی میں واقع پارٹی کے ریاستی دفتر میں منعقد ہوگی۔اس میٹنگ میں لوک سبھا،انتخابی نتائج کے بعد کی حکمت عملی اورریاست میں پارٹی کوتوسیع دینے سے متعلق امور پرغوروخوص ہوگا۔بی جے پی کےنیشنل آرگنائزنگ سکریٹری بی ایل سنتوش کی قیادت میں یہ میٹنگ ہوگی۔مرکزی وزیروبی جے پی کے ریاستی صدرکشن ریڈی،مرکزی وزیرمملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے، بی جے پی کے نومنتخب ارکان پارلیمان، ارکان اسمبلی اوردیگرسینئر قائدین اس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔شہرمیں جی ایچ ایم سی انتخابات کوپیش نظر رکھتے ہوئے بھی پارٹی اپنی حکمت عملی بنائے گی۔اس موقع پرلوک سبھا انتخابات میں جن پارلیمانی حلقوں میں بی جے پی کوشکست کا سامنا ہوااس کی وجوہات پربھی تبادلہ خیال ہوگا۔

☆☆☆☆☆

سوامی وویکانندا کی برسی کے موقع پر وزیراعظم نریندرمودی نے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ایک سوشیل میڈیاپوسٹ کے ذریعہ مودی نے کہا کہ سوامی وویکانندا کی تعلیمات سے لاکھوں افرادمستفید ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سوامی وویکانندا کی تعلیم کے میدان میں خدمات کئی لوگوں کے لئے تحریک کا سبب بنتی ہیں۔

☆☆☆☆☆

نیتی آیوگ نے آج سے تین مہینہ کیلئے سمپورنتا ابھیان شروع کیا ہے۔تیس ستمبر تک چلنے والی اس مہم کے دوران 112 منتخب اضلاع اور پانچ سو منتخب بلاگس میں ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔اس مہم کے دوران اس بات کا پتہ لگایا جائے گا کہ کتنی حاملہ خواتین پہلے سہ ماہی میں اینٹی نیٹل کیئر کیلئے رجسٹر ہوئی ہیں ۔ذیابطیس سے متاثرہ مریضوں کی تعداد کتنی ہے، ہائپرٹینشن سے متاثرہ کتنے افراد نے اپنی اسکریننگ کرائی ہے۔آئی سی ڈی ایس پروگرام کے تحت باقاعدہ طور پر تغذیہ بخش غذا حاصل کرنے والی حاملہ خواتین کی تعداد کتنی ہے،سوئیل ہیلتھ کارڈ کا فیصد،سیلف ہیلپ گروپس جنہیں فنڈس دستیاب ہوئے ہیں ان کا فیصد کا پتہ لگایا جائے گا۔اضلاع اور بلاگس میں تین مہینہ کا لائحہ عمل تیار کیا جائے گا۔اس دوران حکام کی جانب سے فیلڈ ویزٹ بھی کئے جائیں گے۔تلنگانہ میں نو اضلاع بلاگس جو عادل آباد، کھمم،ورنگل رورل کے تحت آتے ہیں کی اس پروگرام کیلئے نشاندہی کی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

کانگریس قائد راہول گاندھی کے مبینہ طور پر ہندو مخالف بیان کے خلاف احتجاج کررہے ہیں BJYM کارکنوں کو پولیس نے آج گرفتار کیا۔بھارتیہ جنتا یووا مورچہ نے راہول گاندھی کی جانب سے پیر کے روز لوک سبھا میں اپنی تقریر کے دوران مبینہ طور پر ہندو مخالف ریمارکس کے خلاف یہ احتجاج کیا تھا۔بی جے وائی ایم کے کارکن ناملی میں واقع بی جے پی دفتر کے پاس جمع ہوئے تھے اور وہ گاندھی بھون کی جانب مارچ کرنے کی کوشش کررہے تھے۔احتجاجیوں نے کانگریس قائد کے خلاف نعرے بازی کی اور راہول گاندھی کا علامتی پتلا بھی نذر آتش کیا۔کیوں کہ اس احتجاج کی اجازت نہیں تھی لہذا پولیس نے انہیں مارچ کرنے سے روک دیا۔بی جے وائی ایم کے کارکن جب مارچ کرنے کی اجازت کا مطالبہ کرتے ہوئے سڑک پر بیٹھ گئے تب پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے انہیں حراست میں لے لیا۔

☆☆☆☆☆

میڈی گڈہ بیاریج کے چیف انجینئر سدھا کرریڈی نے آج کہا کہ دریائے گوداوری پر واقع میڈی گڈہ بیاریج محفوظ ہے اور اس میں کوئی نئے مسائل نہیں آئے ہیں۔چیف انجینئر نے یہ وضاحت اس تناظر میں کی ہے کہ بیاریج کے گھاٹ دوبارہ ڈوبنے کی قیاس آرائیاں کی جارہی ہیں۔کالیشورم لیفٹ اریگیشن اسکیم کا اہم جزمانا جانے والے اس بیاریج کو گوداوری اور اس کی معاون ندی پرانہیتا سے چودہ ہزار کیوزک پانی چھوڑا جارہا ہے۔نیشنل ڈیم سیفٹی اتھارٹی کی سفارشات کی بنیاد پر بیاریج کے تمام دروازوں کو کھلا رکھا گیا ہے۔جاری کاموں کی وجہ سے کوفر ڈیم کو نہیں ہٹایا گیا ہے۔اس کی مدد سے ورکر اور تعمیراتی سامان کو پراجکٹ کی جگہ پر منتقل کیا جارہا ہے۔چیف انجینئر نے بیاریج کے ساتویں بلاگ میں نئے مسائل پیدا ہونے کی خبروں کو مسترد کیا اور کہا کہ بیاریج کا ڈھانچہ مضبوط ہے۔انہوں نے کہا کہ عہدیداروں کی ایک ٹیم نے آج صبح بیاریج اور اس کے 85 دروازوں کا معائنہ کیا۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر زراعت تملانا گیشور راؤ نے آج ایل بی اسٹیڈیم کے قریب واقع محکمہ زراعت کے دفتر کا اچانک معائنہ کیا اور دفتر میں ملازمین کی کم حاضری پر اپنی ناراضگی کا اظہار کیا۔ریاستی وزیر نے دفتر میں صرف چند ملازمین کی موجودگی پر برہمی کا اظہار کیا۔اس موقع پر تملانا گیشور راؤ نے عملہ کے ارکان کو انتباہ دیا کہ وہ کل سے پابندی وقت کے ساتھ دفتر پر حاضر ہوں بصورت دیگر ان کے خلاف کاروائی کی جائے گی۔ریاستی وزیر نے محکمہ کے ڈائرکٹر کو ہدایت دی کہ وہ عملہ کی حاضری سے متعلق ایک رپورٹ داخل کریں۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ انہوں نے وزیراعظم نریندر مودی سے گذارش کی ہے کہ سنگارینی کانکنی کو سنگارینی کالریز کو الاٹ کیا جائے۔وزیراعلیٰ نے نیلامی کی فہرست سے شراون پلی کان کو شامل نہ کرنے بھی وزیراعظم سے سفارش کی۔اس دوران ریونت ریڈی نے وزیراعظم سے اس بات کی بھی گذارش کی کہ گوداوری بیلٹ کے تحت آنے والے ستوپلی بلاگ کے تین کانیں اور کویا گوڑم بھی سنگارینی کالریز کو مختص کی جائے۔ وزیراعظم نریندر مودی سے ملاقات کے بعد نئی دہلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے کہا کہ انہوں نے آئی ٹی آئی آر کا معاملہ بھی مرکز کی نوٹس میں لایا ہے۔انہوں نے وزیراعظم کو بتایا کہ آئی ٹی آئی آر پراجکٹ سال 2014 سے آگے نہیں بڑھا ہے۔وزیراعلیٰ نے قاضی پیٹ کوچ فیکٹری اور آئی آئی ایم حیدرآباد کے تعلق سے بھی وزیراعظم سے بات کی۔ریونت ریڈی نے ریاست میں تشکیل شدہ تمام نئے اضلاع کیلئے جواہر نوودیا ودیالیہ منظور کرنے کی بھی وزیراعظم سے گذارش کی۔

نیٹ، یو جی اور نیٹ امتحان کے پرچہ سوالات کے افشاء کے خلاف مختلف طلبہ تنظیموں کی جانب سے ریاست بھر میں تعلیمی اداروں کو بند رکھنے کے فیصلہ کا ملا جلا ردعمل دیکھنے کو ملا۔ مختلف طلبہ تنظیموں این ایس یو آئی، ایس ایف آئی، اے آئی ایس ایف، پی ڈی یس یو، ڈی وائی ایف آئی، اے آئی وائی ایف، پی وائی ایل، پی وائی سی، وائی جے ایف، اور اے آئی پی ایس یو کی جانب سے بند کی کال دی گئی تھی تاہم اس دوران بعض اسکولس کھلے رہے۔ طلبہ تنظیموں نے این ٹی اے کو برخاست کرنے کا مطالبہ کیا۔

☆☆☆☆☆